| Narration | Time |
|---|---|
| 'Downloading CPAN modules' پراسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم سیکھیں گے کہ Ubuntu Linux Operating Systemاور Windows Operating Systemپرضروری 'CPAN modules' کس طرح ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں. | 00:06 |
| اس ٹیوٹوریل کوریکارڈ کرنے کے لئے میں<br>'Ubuntu Linux 12.04' آپریٹنگ سسٹم<br>'Windows' 7<br>'Perl' 5.14.2اور<br>'gedit' Text Editor'استعمال کررہاہوں | 00:17 |
| آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ٹیکسٹ ایڈیٹر استعمال کر سکتے ہیں. | 00:32 |
| اس ٹیوٹوریل کو سمجھنے کے لئے آپ کو 'Perl' پروگرامنگ کی معلومات ہونی چاہئے. | 00:36 |
| اگرنہیں تو متعلقہ Perl اسپوکن ٹیوٹوریلس کے لئے spoken tutorial ویب سائٹ پر جائیں. | 00:41 |
| پہلے ہم سیکھیں گے کہ 'Ubuntu Linux OS' میں 'CPAN modules' کس طرح ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں. | 00:48 |
| ٹرمینل پر جائیں. | 00:55 |
| ٹائپ کریں 'sudo space cpan' اور اینٹر دبائیں .اگرضرورت ہوتو پاس ورڈ داخل کریں. | 00:57 |
| اگر آپ کے سسٹم میں 'cpan' نصب نہیں ہے تو یہ آپ سے تنصیب کے عمل کے لئے پوچھے گا. | 01:06 |
| سٹیپس کے ساتھ آگے بڑھیں . تنصیب کے عمل کے لئے آپ کے کمپیوٹر کا انٹرنیٹ سے جڑا ہونا ضروری ہے. | 01:13 |
| ہم دیکھ سکتے ہیں کہ پرومپٹ 'cpan' میں بدل جاتا ہے. | 01:21 |
| مثال کے طور پر میں 'CSV' فائل سے کچھ ڈیٹا ایکسٹریکٹ کرنا چاہتا ہوں اور اپنے Perl پروگرام میں استعمال کرنا چاہتا ہوں. | 01:26 |
| اس کے لئے ہم 'Text colon colon CSV' ماڈیول استعمال کریں گے. | 01:35 |
| استعمال کرنے سے پہلے ہمیں 'Text colon colon CSV' ماڈیول نصب کرنا ہے. | 01:40 |
| ٹرمینل پر جائیں. | 01:46 |
| ٹائپ کریں: 'install Text colon colon CSV' اور اینٹر دبائیں. | 01:48 |

| | |
|---|---|
| ہم اس ماڈیول کے متعلق پیکیجیس کی تنصیب دیکھ سکتے ہیں. | 01:55 |
| آپ کے انٹرنیٹ کی رفتار کی بنیاد پر تنصیب مکمل ہونے میں کچھ وقت لے گا. | 02:00 |
| اب دیکھتے ہیں کہ ماڈیول کامیابی نصب ہوا ہے یا نہیں. | 02:06 |
| 'cpan' سے ایگزٹ کرنے یعنی باہر آنے کے لئے 'q' کی دبائیں. | 02:12 |
| ٹائپ کریں: 'instmodsh' اور اینٹر دبائیں. | 02:16 |
| سارے نصب شدہ مڈیولس کی فہرست کے لئے 'l' ٹائپ کریں. | 02:23 |
| یہاں ہم 'Text colon colon CSV' دیکھ سکتے ہیں جس سے ظاہر ہے کہ ماڈیول ہمارے سسٹم میں نصب ہوا ہے. | 02:28 |
| ایگزٹ کے لئے 'q' ٹائپ کریں. | 02:38 |
| اب میں 'candidates.csv' کھولوں گا جو میں نے پہلے ہی سیو کی ہے. | 02:41 |
| ٹائپ کریں: 'gedit candidates.csv' اور اینٹر دبائیں. | 02:47 |
| یہاں ہم ایک کاما سیپریٹر کے ساتھ امیدواروں کے نام، عمر، جنس اور ای میل آئی ڈی دیکھ سکتے ہیں. | 02:53 |
| اب میں 'csvtest.pl' فائل کھولوں گا جس میں، میں نے ایک Perl پروگرام لکھا ہے، جو اس ماڈیول کو استعمال کرتا ہے. | 03:02 |
| یہ پروگرام 'name field' ویلیوز کو ایکسٹریکٹ کرتا ہے جو 'csv' فائل میں جمع کی جاتی ہیں. | 03:11 |
| 'use' کا اسٹیٹمینٹ 'Text colon colon CSV' ماڈیول کو لوڈ کرتا ہے. | 03:18 |
| میں نے 'candidates.csv' پر local variable dollar file فائل ڈکلئیر کی ہے. | 03:23 |
| اگلا اسٹیٹمینٹ فائل کو 'READ' کے موڈ میں ظاہر کرے گا. | 03:29 |
| 'Text colon colon CSV'، 'class' ہے اور ہم new کے ساتھ اس 'constructor' کو کال کر کے ایک 'instance' بنا سکتے ہیں. | 03:34 |
| یہ سیپریٹر کریکٹر کو کاما (،) مقرر کر کے ایک 'object' بناتا ہے. | 03:42 |
| یہاں 'while' لوپ '()getline'، method استعمال کر کے لائن بائی لائن ڈیٹا کو حاصل کرتا ہے. | 03:48 |
| 'getline'، method ایک array پر reference رِٹرن کرتا ہے. | 03:54 |
| ہمیں ویلیوز حاصل کرنے کے لئے اسے dereference کرنے کی ضرورت ہے. | 03:58 |

| | |
|---|---|
| 04:02 | 'Index' آف زیرو اس 'csv' فائل میں 'name field' ظاہر کرتا ہے. |
| 04:07 | 'Print' اسٹیٹمینٹ 'csv' فائل سے ناموں کو پرنٹ کرتا ہے. |
| 04:11 | سیو کرنے کے لئے 'Ctrl + S' دبائیں. |
| 04:15 | اب پروگرام کو ایکزِکیوٹ کرتے ہیں. |
| 04:18 | ٹرمینل پر واپس جائیں اور ٹائپ کریں: 'perl csvtest.pl' اور اینٹر دبائیں. |
| 04:27 | یہاں آؤٹ پٹ میں ہم نیمس فیلڈ دیکھ سکتے ہیں. |
| 04:32 | آگے سیکھتے ہیں Windows Operating System میں ضروری 'CPAN' مڈیولس کس طرح ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں. |
| 04:39 | جب Perl نصب ہوتا ہے تو 'PPM' یعنی 'Perl Package Module' نامی ایک یوٹلٹی اپنے آپ ہی نصب ہو جاتی ہے. |
| 04:48 | 'PPM' استعمال کرنے کے لئے آپ کے کمپیوٹر کا انٹرنیٹ سے جڑا ہونا ضروری ہے. |
| 04:53 | یہ یوٹلٹی Windows Operating System پر مندرجہ ذیل ضروری مڈیولس کے لئے استعمال کی جاسکتی ہے:<br>ماڈیول کی تلاش میں<br>تنصیب میں<br>مٹانے میں اور<br>اپ گریڈ میں |
| 05:04 | اب Windows OS میں کمانڈ ونڈو کھولیں |
| 05:09 | command window کھولنے کے لئے 'Start' پر کلک کریں اور ٹائپ کریں 'cmd'، اور اینٹر دبائیں. |
| 05:17 | ٹائپ کریں 'perl hyphen v' : یہ دیکھنے کے لئے کہ Perl آپ کے Windows OS مشین پر نصب ہوا ہے یا نہیں. |
| 05:25 | آپ Perl ورژن نمبر دیکھ سکیں گے جو آپ کی مشین پر نصب ہوا ہے. |
| 05:30 | اگر Perl نصب نہیں ہوا ہے تو اس ویب سائٹ پر 'Perl Installation' ٹیوٹوریل ملاحظہ کریں. |
| 05:36 | یہ آپ کو بتائے گا کہ Windows OS پر Perl کس طرح نصب کیا جاتا ہے. |
| 05:41 | 'DOS' پرامپٹ میں ٹائپ کریں: 'ppm install Text colon colon CSV' اور اینٹر دبائیں. |

| | |
|---|---|
| 05:49 | نوٹ کریں module نیم کیس سینسٹو ہوتے ہیں. |
| 05:53 | ہم دیکھ سکتے ہیں کہ تنصیب کا عمل شروع ہو گیا ہے . تنصیب مکمل ہونے تک انتظار کریں. |
| 06:00 | میں نے موجودہ ایگزیکٹو ڈائریکٹری میں 'candidates.csv'اور 'csvtest.pl'فائل کاپی کر لی ہے. |
| 06:08 | اب Perl پروگرام ایگزِ کیوٹ کرتے ہیں. |
| 06:11 | command window میں ٹائپ کریں: 'perl csvtest.pl' اور اینٹر دبائیں. |
| 06:18 | آؤٹ پٹ یہاں ہے. |
| 06:21 | یہ ہمیں اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر لاتا ہے .اس کا خلاصہ بیان کرتے ہیں. |
| 06:26 | اس ٹیوٹوریل میں ہم نے سیکھا کہ Linuxاور Windowsمیں ضروری 'CPAN modules' کس طرح ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں. |
| 06:34 | یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے.<br>'Date colon colon Calc'ماڈیول انسٹال کرنے کی کوشش کریں.<br>ماڈیول تلاش کرنے کے لئے دی گئی ویب سائٹ کا استعمال کریں. |
| 06:47 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے . اسے ڈاؤن لوڈ کریں اور دیکھیں. |
| 06:54 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم اسپوکن ٹیوٹوریلس کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپ چلاتی ہےاور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو اسناد دیتی ہے. |
| 07:03 | مزید معلومات کے لئے ہم سے رابطہ کریں. |
| 07:06 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ حکومت ہند کے MHRD کے NMEICT کی طرف سے حمایت شدہ ہے. اس مشن پر مزید معلومات اس لنک پر دستیاب ہیں. |
| 07:18 | آئی آئی ٹی بمبئی سے میں وجاحت احمد آپ سے رخصت لیتا ہوں .شامل ہونے کے لئے شکریہ. |